Inform. Educate. Inspire. || @HYDYouthMirror

Youth Mirror

# Vigilance Awareness Week begins at Urdu University

HYM Staff 14 hours ago News, 28.10.2020

---

Hyderabad: Vigilance Awareness Week started today at Maulana Azad National Urdu University.

Different activities under this week will continue till November 2. The theme of the week is "Satark Bharat, Samridh Bharat (Vigilance India, Prosperous India).

Addressing the teachers and officials on the occasion, Prof. SM Rahmatullah, Vice Chancellor in-charge said that corruption is a menace to the society and it can be eradicated through collective efforts only.

It is important that we pay attention to honesty and transparency not only in the organization but also in personal life. If everyone pays attention to this, our country can become the best in the world.

On this occasion, Social distancing was maintained in view of the Covid-19. The campaign is being organized by the NSS unit, MANUU.

Vigilance awareness banners, posters and boards were put up at the campus in accordance with the guidelines of the Central Vigilance Commission. Online discussions, general information Quiz are also being organized for the students.

Prof. Mohammad Fariyad, Co-ordinator, NSS Cell administered the oath of vigilance. He advised teachers and officials to take bold steps to eradicate corruption. A special online lecture has also been arranged during the week, informed Prof. M. Vanaja, Vigilance Officer.

28.10.2020

سہارا حیدرآباد

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی میں ویجلنس بیداری ہفتہ کا آغاز

حیدرآباد (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں ویجلنس بیداری ہفتہ کا آج آغاز ہوا۔ یہ ہفتہ 2/نومبر تک جاری رہے گی۔ اس سال اس کا موضوع ''ستر ک بھارت، سمردھ بھارت'' (چوکس ہندوستان، خوشحال ہندوستان) ہے۔ اس موقع پر پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج نے اساتذہ اور عہدیداروں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بدعنوانی سماج کے لیے ایک ناسور ہے اور اجتماعی کوشش سے اس کا سدباب ممکن ہے۔



اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم ادارہ کی ہی نہیں بلکہ ذاتی زندگی میں بھی ایمانداری اور شفافیت پر توجہ دیں۔ ہر شخص اگر اس جانب توجہ دے تو ہمارا ملک دنیا کا سب سے بہترین ملک بن سکتا ہے۔ اس موقع پر کوویڈ 19 کے لیے جاری کردہ ہدایات کو پیش نظر رکھتے ہوئے انسانی دوری کا خیال رکھا گیا۔ اس مہم کا اہتمام این ایس ایس یونٹ، مانو کی جانب سے کیا جارہا ہے۔ یونیورسٹی میں سنٹرل ویجلنس کمیشن کے رہنمایانہ خطوط کے مطابق کیمپس میں ویجلنس بیداری کے بینرس، پوسٹرس اور بورڈس لگائے گئے۔ اس سلسلے میں طلبہ کے لیے آن لائن مباحثے، عام معلومات کوئز کا بھی اہتمام کیا جارہا ہے۔ پروفیسر محمد فریاد، این ایس ایس کوآرڈینیٹر نے ویجلنس بیداری حلف دلایا۔ انہوں نے اساتذہ اور عہدیداروں کو مشورہ دیا کہ وہ بدعنوانی کے خاتمے کے لیے جرأت مندانہ قدم اٹھائیں۔ انہوں نے انتظامات کی نگرانی کی۔ پروفیسر ایم ونجا، ویجلنس آفیسر، مانو نے بتایا کہ اس ہفتہ کے دوران ایک خصوصی آن لائن لکچر کا بھی اہتمام جارہا ہے۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے فینانس آفیسر جناب ایم جی گنا سیکھرن بھی موجود تھے۔

28.10.2020 اعتماد

# اُردو یونیورسٹی میں ویجلنس بیداری ہفتہ کا آغاز

حیدرآباد، 27/اکتوبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں ویجلنس بیداری ہفتہ کا آج آغاز ہوا۔ یہ ہفتہ 2/نومبر تک جاری رہے گی۔ اس سال اس کا موضوع "سترک بھارت، سمردھ بھارت" (چوکس ہندوستان، خوشحال ہندوستان) ہے۔ اس موقع پر پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج نے اساتذہ اور عہدیداروں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بدعنوانی سماج کے لیے ایک ناسور ہے اور اجتماعی کوشش سے اس کا سد باب ممکن ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم ادارہ کی ہی نہیں بلکہ ذاتی زندگی میں بھی ایمانداری اور شفافیت پر توجہ دیں۔ ہر شخص اگر اس جانب توجہ دے تو ہمارا ملک دنیا کا سب سے بہترین ملک بن سکتا ہے۔ اس موقع پر کوویڈ 19 کے لیے جاری کردہ ہدایات کو پیش نظر رکھتے ہوئے انسانی دوری کا خیال رکھا گیا۔ اس مہم کا اہتمام این ایس ایس یونٹ، مانو کی جانب سے کیا جارہا ہے۔ یونیورسٹی میں سنٹرل ویجلنس کمیشن کے رہنمایانہ خطوط کے مطابق کیمپس میں ویجلنس بیداری کے بینرس، پوسٹرس اور بورڈس لگائے گئے۔ اس سلسلے میں طلبہ کے لیے آن لائن مباحثے، عام معلومات کوئز کا بھی اہتمام کیا جارہا ہے۔ پروفیسر محمد فریاد، این ایس ایس کوآرڈینیٹر نے ویجلنس بیداری حلف دلایا۔ انہوں نے اساتذہ اور عہدیداروں کو مشورہ دیا کہ وہ بدعنوانی کے خاتمے کے لیے جرأت مندانہ قدم اٹھائیں۔ انہوں نے انتظامات کی نگرانی کی۔ پروفیسر ایم ونجا، ویجلنس آفیسر، مانو نے بتایا کہ اس ہفتہ کے دوران ایک خصوصی آن لائن لکچر کا بھی اہتمام جارہا ہے۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے فینانس آفیسر جناب ایم جی گنا سیکھرن بھی موجود تھے۔

28.10.2020 منصف حیدرآباد

# اُردو یونیورسٹی میں ویجلنس بیداری ہفتہ کا آغاز

حیدرآباد۔ 27/ اکتوبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں ویجلنس بیداری ہفتہ کا آج آغاز ہوا۔ یہ ہفتہ 2/نومبر تک جاری رہے گی۔ اس سال اس کا موضوع ''سترک بھارت، سمردھ بھارت'' (چوکس ہندوستان، خوشحال ہندوستان) ہے۔ اس موقع پر پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، وائس چانسلر انچارج نے اساتذہ اور عہدیداروں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بدعنوانی سماج کے لیے ایک ناسور ہے اور اجتماعی کوشش سے اس کا سدباب ممکن ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم ادارہ کی ہی نہیں بلکہ ذاتی زندگی میں بھی ایمانداری اور شفافیت پر توجہ دیں۔ ہر شخص اگر اس جانب توجہ دے تو ہمارا ملک دنیا کا سب سے بہترین ملک بن سکتا ہے۔ اس موقع پر کووڈ۔ 19 کے لیے جاری کردہ ہدایات کو پیش نظر رکھتے ہوئے انسانی دوری کا خیال رکھا گیا۔ اس مہم کا اہتمام این ایس ایس یونٹ، مانو کی جانب سے کیا جا رہا ہے۔ یونیورسٹی میں سنٹرل ویجلنس کمیشن کے رہنمایانہ خطوط کے مطابق کیمپس میں ویجلنس بیداری کے بینرس، پوسٹرس اور بورڈس لگائے گئے۔ اس سلسلے میں طلبہ کے لیے آن لائن مباحثے، عام معلومات کوئز کا بھی اہتمام کیا جارہا ہے۔ پروفیسر محمد فریاد، این ایس ایس کوآرڈینیٹر نے ویجلنس بیداری حلف دلایا۔ انہوں نے اساتذہ اور عہدیداروں کو مشورہ دیا کہ وہ بدعنوانی کے خاتمے کے لیے جرأت مندانہ قدم اٹھائیں۔ انہوں نے انتظامات کی نگرانی کی۔ پروفیسر ایم ونجا، ویجلنس آفیسر، مانو نے بتایا کہ اس ہفتہ کے دوران ایک خصوصی آن لائن لکچر کا بھی اہتمام جارہا ہے۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے فینانس آفیسر ایم. جی گنا سیکھرن بھی موجود تھے۔